Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

12 دسمبر 2023

- قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج اور دکھ کا اظہار
- زخمیوں کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات کی فراہمی کے مطالبے کے ساتھ ان کی جلد اور مکمل شفایابی کیلئے دعا
- انتخابات سے قبل اس نوعیت کے واقعات باعثِ تشویش اور زائد المیعاد نگرانی وفاقی و صوبائی حکومتوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔
- ریاستی مشینری پر امن سیاسی سرگرمیوں کی راہ روکنے کی بجائے داخلی امن و سلامتی سے کھیلنے والے عناصر کے سدِباب کا فرض سرانجام دے۔
- صاف شفاف انتخابات کے انعقاد اور شہریوں کی جان و مال کی سلامتی و تحفظ کیلئے ریاستی مشینری کی جانب سے دہشتگردی کے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے۔
- متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے اور شہداء کی بلندیٔ درجات کیلئے دعا گو ہیں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ